© rasailojaraid.com



فرزند عزیز عاطف مسعود ۱۹ نومبر کو انتقال کر گئے۔ وہ گزشتہ ایک سال سے گردوں کی تکلیف میں مبتلا تھے۔ ان کی عمر ۲۵ سال تھی۔ خانوادۂ حکیم عطاء اللہ خان (رحمہ اللہ) کے لئے عزیز عاطف کی موت بہت بڑا صدمہ ہے۔

* تحریکِ طلباء اسلام پاکستان کے سابق مرکزی صدر محترم پروفیسر محمد عباس نجمی کے والد ماجد جناب چودھری عبدالحمید وینس (سکنہ چک نمبر L-۱۲/ ۴۲ چیچا وطنی) گزشتہ ماہ رحلت فرما گئے۔ مرحوم پابندِ صلوٰۃ وصوم تھے اور نہایت نیک سیرت انسان تھے۔ پوری زندگی استقامت کے ساتھ احکام شریعت کے مطابق بسر کی۔

* ادارہ دعوت وارشاد کے سربراہ مولانا منظور احمد چنیوٹی کی بہو اور مولوی محمد الیاس صاحب کی اہلیہ ۶ نومبر ۱۹۹۵ء کو چنیوٹ میں رحلت فرما گئیں۔ مرحومہ نہایت صالحہ خاتون تھیں اور بچیوں کو قرآنِ کریم پڑھاتی تھیں۔

مجلس احرارِ اسلام حاصل پور کے صدر جناب مرزا محمد اقبال کے والد ماجد مرزا مہر دین صاحب انتقال فرما گئے۔ ان کی نمازِ جنازہ ۶ نومبر بروز پیر بعد از ظہر جامع مسجد میں ادا کی گئی۔ مرحوم صوم وصلوٰۃ کے پابند اور دینی زندگی کے حامل انسان تھے۔

## انتخاب مجلس احرار اسلام اوکاڑہ

مجلس احرار اسلام اوکاڑہ کے کارکنوں کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت جناب حکیم محمد انور مجاھد نے کی۔ جناب حکیم صاحب احرار کے قدیم کارکن ہیں۔ اور ایک عرصہ سے لاہور میں مقیم ہیں۔ حال ہی میں ان کی تحریک پر اوکاڑہ میں قیام احرار ہوا اور ۹۶-۱۹۹۵ء کے لئے انتخاب عمل میں آیا۔ اتفاقِ رائے سے درج ذیل عہدیدار چنے گئے۔

صدر: جناب شیخ نسیم الصباح

نائب صدر: جناب ذوالفقار احمد شیخ

ناظم اعلیٰ: جناب محمد طارق چودھری

ناظم نشر واشاعت: جناب محمد سلیمان

علاوہ ازیں درج ذیل احباب نے احرار میں شمولیت اختیار کی۔

جناب محمد خالد، جناب محمد صلاح الدین، جناب محمد ندیم انجم

مجلس احرار اسلام ضلع اوکاڑہ کے صدر شیخ نسیم الصباح کے والد ماجد جناب حکیم ماسٹر محمد حسین صاحب گذشتہ دنوں انتقال کر گئے۔ مرحوم مجلس احرار اسلام اوکاڑہ کے سب سے پہلے سالار اعلیٰ تھے وہ اکابر احرار، خصوصاً حضرت امیر شریعت، مولانا حبیب الرحمن لدھیانوی اور قاضی احسان احمد شجاع آبادی رحمۃ اللہ علیھم کے ساتھ گہری محبت رکھتے تھے۔ مرحوم نے تحریک ختم نبوت ۱۹۵۳ء میں بھرپور حصہ لیا اور گرفتار ہوئے۔

© rasailojaraid.com